پنجاب انسٹیٹیوٹ آف لینگوئج، آرٹ اینڈ کلچر
محکمہ اطلاعات وثقافت، حکومت پنجاب
پنجابی کمپلیکس، 1-قذافی سٹیڈیم فیروزپور روڈ ۔لاہور

پریس ریلیز

پنجاب انسٹیٹیوٹ آف لینگوئج، آرٹ اینڈ کلچر (پِلاک) میں بابا جی گرونانک کے 553 ویں جنم دن کے موقع پر ''بابا گرونانک کانفرنس'' کا انعقاد کیا گیا جس میں ملکی وغیرملکی دانشوروں نے بابا جی گرونانک کے پیغام اور تعلیمات کے حوالے سے گفتگو کی۔ اظہار خیال کرنے والوں میں عجائب سنگھ چٹھہ، کیول سنگھ، ڈاکٹر مجاہدہ بٹ، ڈی جی پلاک ڈاکٹر صغرا صدف ودیگر شامل تھے۔ شرکاء نے پلاک کے مختلف حصوں کا دورہ کیا اور لائبریری میں قدیم گروگرنتھ میں گہری دلچسپی ظاہر کی۔

ڈائریکٹر جنرل پلاک ڈاکٹر صغرا صدف نے مہمانوں کو پھول پیش کیے۔ انہوں نے یورپ، امریکہ اور کینیڈا سے آئے ہوئے تمام معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ ہم پنجابیوں نے اب آپس میں لڑنا نہیں بلکہ محبتیں بانٹنی ہیں کیونکہ صرف محبت کے ذریعے ہی دلوں کو فتح کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب کی سرزمین میں جہاں اناج اور پھلوں، پھولوں، سبزے کی فراوانی ہے وہیں صوفیاء کرام کی روحانی دولت سے مالامال تعلیمات بھی ہمارا اثاثہ ہیں۔

سِکھ سرداروں نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان آنے سے پہلے ہم کشمکش کا شکار تھے کہ وہاں پر حالات کیسے ہوں گے لیکن یہاں آکر ہمیں جتنی محبت اور

عزت ملی وہ نا قابل فراموش ہے۔ ہم جہاں بھی گئے لوگوں نے ہمیں سر آنکھوں پر بٹھایا۔ پِلاک جس طرح پنجابی زبان اور کلچر کے لئے کام کر رہا ہے وہ بہت قابلِ تحسین ہے۔

معروف صوفی گلوکارہ تحسین سکینہ نے بلھّے شاہ، وارث شاہ، شاہ حسین و دیگر صوفیاء کا کلام پیش کر کے سامعین پر وجد طاری کر دیا۔ انہوں نے بابا جی گرو نانک کی عقیدت میں منقبت بھی پیش کی۔

☆☆☆